SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IX مجریہ ۱۹۷۳

SINDH ORDINANCE NO.IX OF 1973

مغربی پاکستان کھانے پینے کی اشیاء (ضابطہ) (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳

THE WEST PAKISTAN FOODSTUFFS (CONTROL) (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1973

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XX کی دفعہ ۹-A کا اضافہ
Addition of section 9-A of West Pakistan Act XX of 1958
۳۔ کم سے کم سزا
Minimum Punishment
۴۔ ۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XX کی دفعہ ۱۰ کی تبدیلی
Substitution of section 10 of West Pakistan Act XX of 1958
۵۔ جرائم کی شنوائی کا اختیار اور کارروائی کا طریقہ
Cognizance of offences and mode of trial

سندھ آرڈیننس نمبر IX مجریہ ۱۹۷۳
SINDH ORDINANCE NO.IX OF 1973

مغربی پاکستان کھانے پینے کی اشیاء (ضابطہ) (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳

THE WEST PAKISTAN FOODSTUFFS (CONTROL) (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1973

[۱۷ مئی ۱۹۷۳]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان کھانے پینے کی اشیاء (ضابطہ) ایکٹ، ۱۹۵۸ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان کھانے پینے کی اشیاء (ضابطہ) ایکٹ، ۱۹۵۸ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۳۵ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو مغربی پاکستان کھانے پینے کی اشیاء (ضابطہ) (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ XX کی دفعہ ۹-A کا اضافہ
Addition of section 9-A of West Pakistan Act XX of 1958

۲۔سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان کھانے پینے کی اشیاء (ضابطہ) ایکٹ، ۱۹۵۸ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ

کم سے کم سزا
Minimum Punishment

۱۹۵۸ کے مغربی

کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۹ کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی، یعنی:

پاکستان ایکٹ XX کی دفعہ ۱۰ کی تبدیلی
Substitution of section 10 of West Pakistan Act XX of 1958

"۹-A۔ جب تک کچھ دفعات ٦ اور ۹ کے متضاد نہ ہو ریشن ڈاکومنٹ سے متعلقہ جرائم پر قید کی سزا ایک ماہ سے کم نہ ہوگی۔"۔

۳۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۰ کے لیئے مندرجہ ذیل دفعہ متبادل ہوگی، یعنی:

جرائم کا تدارک اور کارروائی کا طریقہ
Cognizance of offences and mode of trial

"۱۰۔ (۱) کوئی بھی اس ایکٹ کے تحت سزا لائق جرائم کی شنوائی نہیں کرے گی جب تک کسی سرکاری ملازم کی طرف سے ایسے جرم کی حقائق پر مشتمل تحریری رپورٹ نہ دی جائے، جیسے پاکستان پینل کوڈ (۱۸٦۰ کا ایکٹ XL) کی دفعہ ۲۱میں بیان کیا گیا ہے۔
(۲)حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے ہدایت کر سکتی ہے کے سارے کیس یا کوئی بھی جرم یا جرائم کی قسم پر اسی طرح کارروائی کی جائے گی جیسے ۱۸۹۸ کے کوڈ آف کرمنل پروسیجر (۱۸۹۸ کا ایکٹ V) کے باب XXII میں طریقہ بیان کیا گیا ہے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔